ہم کو نبی سے پیار ہے
Hum Ko Nabi Se Pyaar Hai

نتیجۂ فکر: عاقب فرید القادری
By Aqib alQadri

ہم کو نبی سے پیار ہے ہم کو نبی سے پیار ہے
جس کو نبی سے پیار ہے اس کا تو بیڑا پار ہے
We love the Holy Prophet! Yes, we love the Holy Prophet,
Successful indeed is the one who loves the Holy Prophet!

والضحیٰ چہرہ ہے ان کا زلف چھائی رات ہے
صل علیٰ پڑھتا ہے مومن چاہتا دیدار ہے
His face is the mid morning light, his tresses the dark night,
The believer sends blessings upon him, longing for just a sight!

آب و گل ان کی گلی کا مرض کا تریاق ہے
ان کے شہر کی خاک کو لے جائے جو بیمار ہے
The water and air of his street are the antidote of every sickness,
So may he take away some dust of his city, one who has an illness!

آس نہ تو توڑ عاصی اپنا رب غفار ہے
ان سے جس کو آس ہے رحمت کا وہ حقدار ہے
Do not despair, O sinner, our Lord is the Oft Forgiving!
Those who have hope in him, are of the mercy deserving!

ڈھونڈتی ہے تجھ کو رحمت واہ تری کیا بات ہے
دامن نبی کا تھام لے تیرے لیے گُلزار ہے
How fortunate are you, the mercy looks out for you!
Associate yourself with the Prophet, the garden awaits you!

زندگی غفلت میں گزری مرنے سے انکار ہے
سست نہ بن توبہ کرلے جرم کا انبار ہے
A life spent in neglect, and not ready to face death!
Tarry not and repent, a pile of sins is on your head!

عمر میں ہیں سال باقی خوب کمانا مال ہے
اس دھوکے میں نہ آنا نفس بڑا مکار ہے
‘Many years of your life remain, and you need to earn a treasure’,
Do not be fooled by this, indeed the self is a great deceiver!

ہم پھسل نہ جائیں سرور پُل تو اک تلوار ہے
ربِّ سلِّم کہہ دو پیارے راہ بڑی دشوار ہے
May we not slip and fall, for the bridge is a sharp sword,
Indeed the path is very hard, so O beloved pray “Safety, my Lord”!

دفترِ اعمال میں ہر جرم کا اقرار ہے
میرے مولیٰ عفو فرما بندہ بڑا لاچار ہے
I acknowledge all the sins in my deed-register,
O my Lord, forgive! For indeed helpless is the sinner!

اُن کا جو غدّار ہے ابلیس کا وہ یار ہے
دور ہے وہ رحمتوں سے اور ٹھکانا نار ہے
Whoever is disloyal to him, is indeed the friend of the devil,
Far removed is he from mercy and his destination is hell.

جان لو اے مومنو! دشمن کی کیا پہچان ہے
زیبِ تن اَبّا کا جُبّہ چھوٹو کی شلوار ہے
Beware O Believers, and recognize your open enemy,
An oversized robe, and a short pyjama – these two cover his body!

ماتھے پہ ہے کالا ٹیکا گنج بالکل صاف ہے
شرک کی مالا ہے جپتا چہرے پر پھٹکار ہے
A black spot scars his forehead and his head is shaven hairless,
He keeps on muttering “shirk, shirk”, and his ugly face is hideous!

سنیوں کو یوں سُنا عاقبؔ مبارک بادہے
آقا کو ہم سے پیار ہے مولیٰ کو ہم سے پیار ہے
Congratulate the Sunnis, O *Aqib*, telling them thus!
Indeed our master loves us, indeed our Lord loves us!